© rasailojaraid.com

# فہرست کتب وغیرہ

## اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے۔ اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین۔ فتوے۔ اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں قیمت سالانہ ع ۱۲ ار

مینیجر اہلحدیث امرت سر

## مرقع قادیانی

مرزا قادیانی کی بہت سے مضامین کی تردیدوں کا مجموعہ۔ قیمت عہ مر معہ محصول ڈاک وغیرہ

## مرقع دیانندی

اس رسالہ میں سوامی دیانند جی بانئے آریہ سماج کا کچا چٹھا دکھایا گیا ہے۔ بڑا لطیف اور قابل دید رسالہ ہے قیمت صرف ۳ مر

## تقابل ثلاثہ

توریت۔ انجیل۔ اور قران کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں۔ نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قران مجید کی فضیلت ثابت کیگئی ہے۔ عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے قیمت مع محصولڈاک عصر

## حق پرکاش

آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قران شریف پر شروع سے اخیر تک جو اعتراض کئے ہیں انکا یہ مفصل اور مکمل جواب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے قیمت ۸ مر

## ترک اسلام

مہاشہ دھرمپال (نو آریہ سابق عبدالغفور) کے رسالہ ترک اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قران مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۶ مر

## الہامی کتاب

وید اور قران کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث۔ بحث کیا ہے؟ تمام مباحث کا فیصلہ ہے قران مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت ہے قیمت ۶ مر



نمبر ۶ جلد ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ان الدین عند اللہ الاسلام ۔ و رضیت لکم الاسلام دینا

# رسالہ مسلمان

امرتسر

بابت ماہ اکتوبر سنہ ۱۹۰۹ عیسوی

## اسلامی خبریں

عبدالسلام جو آریہ ہو کر مسافر آگرہ میں اسلام کے برخلاف مضامین لکھا کرتا تھا پھر مسلمان ہو گیا ہے +

بنڈت بھوجدت اڈیٹر اخبار مسافر آگرہ کلکتہ میں مسلمانوں کے خلاف لیکچر دینا چاہتے تھے مگر صاحب چیف پریذیڈنٹ مجسٹریٹ نے نقض امن کے اندیشہ سے نہ صرف مسلمانوں کے خلاف بلکہ عام ممانعت کر دیگئی کہ وہ دو ماہ تک کلکتہ میں کسی قسم کا لیکچر نہ دے سکیں۔

شوکت پاشا ترکی سپہ سالار آجکل پیرس میں ہیں انہوں نے جنگی دفتر میں لنچ تناول فرمایا اور ایک ملاقات کے دوران میں فرانسیسی فوجی تربیت کی تعریف کی اور پندرہ ترکی افسر تربیت حاصل کرنیکے لئے فرانس بھیجنے کا ارادہ ظاہر کیا +

پائنیر ایران کے جدید انقلاب کے ذیل میں لکھتا ہے کہ ایران کے ہر حصہ میں ترقی تجارت کی امیدیں بارآور معلوم ہوتی ہیں۔ سڑکیں محفوظ ہو گئی ہیں۔ ڈاکو اور لٹیرے جائز پیشے شروع کرتے جاتے ہیں۔ کوشش جاری ہے کہ آیندہ دو ہفتہ میں پالیمنٹ کا پہلا جلسہ ہو جائے +

© rasailojaraid.com